دل میں ذکر اللہ کرنے پر ثواب ملے گا یا نہیں؟

مجیب: ابوصدیق محمد ابوبکر عطاری

فتوی نمبر: WAT-1495

تاریخ اجراء: 22 شعبان المعظم 1444ھ/15مارچ2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر کوئی دل میں اللہ کا ذکر یا درود پاک پڑھتا ہے اور اتنی آواز سے نہیں پڑھتا کہ اس کے کانوں تک آواز جائے تو کیا اس کو ثواب ملے گا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَایَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

دل ہی دل میں ثواب کی نیت سے اللہ تعالی کا ذکر کرنے والے اور درود پاک پڑھنے والے کو اس کا ثواب ملے گا کہ دل میں اللہ تعالی اور حضور نبی کریم صلی اللہ تعالی کی یاد بھی قابل ثواب، عمل ہے۔اور درود پاک اور ہر ذکر، دعا ہے اور دعا دل میں بھی مانگی جاسکتی ہے اور دعا عبادت کا مغز ہے۔جیسے خطبے میں نام باری تعالیٰ سننے کے بعد بغیر زبان ہلائے دل میں ہی کلمات تعظیم کہنے کا حکم ہے،اور اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک سننے پر دل میں ہی درود پاک پڑھنے کا حکم ہے۔فتاوی رضویہ شریف میں ہے "خطبے میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک سن کر دل میں درود پڑھیں،زبان سے سکوت فرض ہے۔"(فتاوی رضویہ،جلد8،صفحہ365،رضا فاؤنڈیشن،لاہور)

اسی میں دوران خطبہ مقتدی کے لیے دعا مانگنے کے متعلق ہے "تحقیق یہی ہے،اگرچہ یہاں اختلاف نقول،حد اضطراب پر ہے کہ سب کو مع ترجیح وتنقیح ذکر کیجیے تو کلام طویل ہو،اس تحقیق کی بناپر حاصل اس قدر کہ مقتدی دل میں دعا مانگیں کہ زبان کو حرکت نہ ہو تو بلاشبہ جائز کہ جب عین حالتِ خطبہ میں، وقت ذکر شریف حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دل سے حضور پر درود بھیجنا مطلوب،تو بین الخطبتین کہ امام ساکت ہے دل سے دعا بدرجہ اولیٰ روا، ردالمحتار میں ہے: اذا ذکر النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لا یجوز ان یصلوا علیہ بالجھر بل بالقلب وعلیہ الفتوی رملی۔جب سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مبارک ذکر آئے تو آپ علیہ الصلوۃ والسلام پر بلند

آواز سے درود پاک پڑھنا جائز نہیں بلکہ دل میں درود شریف پڑھا جائے، اور اسی پر فتوی ہے۔ رملی۔" (فتاوی رضویہ، جلد8، صفحہ480، رضافاؤنڈیشن، لاہور)

فتاوی رضویہ میں ہے "ہر ذکرِ الٰہی دعا۔۔۔ مولانا علی قاری علیہ رحمۃ الباری مرقاۃ شرح مشکوۃ میں فرماتے ہیں:"

کل دعاذکر وکل ذکر دعا" (ہر دعا ذکر ہے اور ہر ذکر دُعا ہے) (فتاوی رضویہ، ج5، ص662، رضافاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net